لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۵ رشوال ۱۳۴۵ھ مطابق ۱۸ را پریل ۱۹۲۷ء	نمبر ۱۲

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳ را پریل ۱۹۲۷ء

بہ تنسیخ حکم ۱۲ ر مارچ ۱۹۲۷ء رپورٹ ہذا منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراے احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض ... میر سامانہ

جناب عالی

محمد سعید خان رسالدار رسالہ کا غیر مستقل اور کریم ۲ مارچ ۱۹۲۳ء کو ...

تیس روپیہ ماہوار ہوا تھا - اُسکے بعد بحکم ۱۱؍فروری ۱۹۲۵ء ایکسال کی ترقی بند ہوئی - اور بحکم ۵؍مارچ ۱۹۲۵ء ایک روپیہ ماہانہ اضافہ ہو کر [illegible] تنخواہ ہو گئی - اسکیم منظور شدہ میں یہ رکھا گیا تھا کہ ایک روپیہ ہر سال اضافہ ہو کر پانچ سال میں [illegible] تنخواہ ہو جائیگی - حاکم صاحب صدر نے اب ذریعہ رپورٹ ۹؍مارچ ۱۹۲۶ء مستقلی اور دو روپیہ اضافہ کی سفارش کی ہے چونکہ اسوقت کام قابل اطمینان نہ تھا اسوجہ درمیانی ایکسال توبیع ہو کر اضافہ رہ گیا اب مستقلی کے ساتھ ایک روپیہ اضافہ کی بھی منظوری صادر فرمائی جائے - اس صورت میں بہ مستقلی اس سال رسالدار صدر کی تنخواہ [illegible] ہو جائیگی - اور عزیز الرحمن خان نائب رسالداری کی بابت اسکیم منظور شدہ میں [illegible] تنخواہ اور پانچ روپیہ ماہانہ الاونس کہا گیا ہے - الاونس میں سے ہر سال ایک روپیہ شامل تنخواہ ہو کر پانچ سال میں [illegible] تنخواہ رکھی گئی - چنانچہ بحکم ۵؍مارچ ۱۹۲۵ء ایک روپیہ الاونس میں سے شامل تنخواہ ہو کر [illegible] تنخواہ اور چار روپیہ الاونس ہو گیا تھا - سال درمیانی میں کوئی حکم شمول نہیں ہوا - اب حاکم صاحب صدر کی رپورٹ ہے لہذا دو روپیہ شامل تنخواہ ہو کر اب تنخواہ [illegible] اور الاونس دو روپیہ رہیگی - کاغذات برائے صدور حکم منظوری ابلاغ حضور ہیں - عرضداشت ۱۵؍مارچ ۱۹۲۶ء میں یہ صراحت حروف اعرض کرنے سے رہ گئی تھی - لہذا حکم مصدورہ ۱۲؍مارچ ۱۹۲۶ء کینسل فرمایا جائے -

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۹؍اپریل ۱۹۲۶ء

مثل عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت ساڑھے تین ماہ محمد دین پنجابی اسسٹنٹ افسر نو آبادی بوضع تنخواہ پچاس روپیہ ماہوار بانچارجی سید منظور احمد صاحب تحصیلدار بلاسپور جنکو تنخواہ رخصتی ملیگی -

حکم

اسسٹنٹ افسر نو آبادی کی رخصت ساڑھے تین ماہ بوضع تنخواہ منظور ہے - ایام رخصت میں تحصیلدار بلاسپور اُنکا کام انجام دینگے - اور پچاس روپیہ ماہوار الاونس انچارجی پائینگے - کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۹؍اپریل ۱۹۲۶ء

مثل عرضی مولوی سید محمد داؤد پروفیسر مدرسہ عالیہ بدرخواست عطائے قرضہ مبلغ ایکہزار روپیہ از خزانہ سرکاری بوضعات [illegible] روپیہ ماہوار از تنخواہ خود -

حکم

مولوی سید محمد داؤد پروفیسر مدرسہ عالیہ کی موجودہ تنخواہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۱؍اپریل ۱۹۲۶ء

مردعلیخان منصرم کوٹھی و امجد علی ہیڈ شلر کار متعلقہ نہایت محنت سے انجام دیتے ہیں اور اُنکے کارہائے مفوضہ نہایت پسندیدہ ہیں بنابران مردعلیخان منصرم کوٹھی کی تنخواہ موجودہ میں تین روپیہ اور امجد علی خان کی تنخواہ موجودہ میں دو روپیہ ماہوار بکیم اپریل ۱۹۲۶ء سے اضافہ منظور کیا جاتا ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

حسب ضابطہ احکام ترقی صدر سے جاری ہوں - اور ایک نقل روبکار درج گزٹ کیجائے -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

الاونس

۱۲؍اپریل ۱۹۲۶ء

منشی شوکت علیخان پیشکار اجلاس کار متعلقہ نہایت مستعدی و محنت سے انجام دے رہے ہیں اُنکے خدمات نہایت پسندیدہ ہیں اور اُنکے کام سے نہایت خوش ہیں - لہذا بنظر پرورش [illegible] ماہوار الاونس جو اُنکو ملتا ہے وہ یکم اپریل ۱۹۲۶ء سے شامل تنخواہ کیا جانا منظور ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

حسب ضابطہ صدر سے احکام جاری ہوں -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تنزل

۲۴ر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

بوجہ خراب ہوجانے حالت مدرسۂ غوثپور و مدرسہ اوسی آباد نام مدرس غوثپور تحصیل شاہ آباد - اور محمد رضا خان مدرس اوسی تحصیل شاہ آباد کا تاحکم ثانی دو دو روپیہ ماہوار تنزل کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تنزل

۲۴ر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

بوجہ خراب ہونے کام مرتضی حسن مدرس اول شاہ آباد اور ضمیر احمد مدرس اول ملک تاصدور حکم ثانی دو دو روپیہ ماہوار تنزل کیا گیا - اور مرتضی حسن شاہ آباد سے ملک اور ضمیر احمد ملک سے شاہ آباد مدرسی اول پر تبدیل کئے گئے - علی رضا خان نائب مدرس شاہ آباد اور احمد رضا خان مدرس قرآن شریف کی نسبت بعد کو حکم دیا جائیگا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تنزل

۲۴ر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

بوجہ ناقص ہونے نتیجۂ امتحان - رمضان علی مدرس چاؤ پور تحصیل سوار کی تنخواہ میں ایک روپیہ ماہوار تاحکم ثانی تنزل کیا گیا - اور محمود علی مدرس رتن پورہ کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار تنزل کیا گیا - اور مدرسۂ سوار میں بجائے نائب مدرس تبدیل کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۴ر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے قدرت اللہ خان مدرس دوم مدرسہ گیر قلندر خان کی میعاد ملازمت امتحانی میں ۲۶ر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۲۴ر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے عبدالخالق مدرس سلطی نراگاؤں تحصیل ملک ۱۲ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء سے مستقل کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۲۴ر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس - اکبر علیخان مدرس شہ پورہ تحصیل ٹانڈہ ۲۴ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء سے مستقل کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ و تبادل

۳۰ر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

اقدس حسین مدرس اول کیمری کا تبادلہ مدرسہ سوار کو ہوگیا ہے - لہذا مدرسہ کیمری میں حسب ذیل انتظام کیا گیا - ہدایت علیخان مدرس دوم تنخواہ دس روپیہ ماہوار باضافہ ایک روپیہ ماہوار مدرس اول مقرر کیا گیا اور انکی ملازمت امتحانی میں ۱۱ر مارچ سنہ ۱۹۲۶ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی ہدایت علیخان کے اضافہ کا عملدرآمد یکم اپریل سنہ ۱۹۲۶ء سے ہوگا - اور بجائے ہدایت علیخان سید شوکت حسین ساکن کندرکی مڈل فیل دس روپیہ ماہوار پر امتحانًا برائے چھ ماہ مقرر کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تنزل وتبادل

۳۰ر مارچ ۱۹۲۷ء

موضع منصور پور پرگنہ حضور تحصیل کے باشندگان اور مدرس مین باہم سخت اختلاف اور ناچاقی ہے باشندگان مدرسہ کیلئے مکان دینے سے بھی انکار کرتے ہین لہذا مدرسہ منصور پور بند کیا گیا اور امداد حسین خان مدرس منصور پور کا مدرسہ کھمریا کو تبادلہ کیا گیا بہ تنزل دو روپیہ ماہوار آئندہ نامبردہ کو دس روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی لہذا۔

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳۰ر مارچ ۱۹۲۷ء

وارث علی خان مدرس کاشی پور پرگنہ حضور تحصیل سید احمد مدرس کا عوض ہے سید احمد مدرس کو بوجہ خرابی دماغ دو ماہ کی رخصت دیگئی تھی اب اگرچہ سید احمد نے اپنے صحیح الدماغ ہوجانیکی نسبت درخواست پیش کی ہے اور اپنی ملازمت پر واپس جانا چاہتا ہے لیکن تاوقتیکہ سید احمد ڈاکٹری سارٹیفکٹ پیش نکرے اسکو مدرسے پر نہین بھیجا جاسکتا وارث علی خان ۱۵ر مارچ ۱۹۲۷ء سے بدستور تاحکم ثانی مدرسہ کاشی پور مین بحیثیت عوض سید احمد کام کریگا بنابران

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی وغیرہ

۳۰ر مارچ ۱۹۲۷ء

مدرسہ ساگرپور پرگنہ شاہ آباد کی حالت باعتبار فراہمی طلباء و نتیجہ امتحان سالانہ نہایت خراب ہے لہذا گنیشی لال مدرس ہندی برخاست کیا گیا اور نجیب احمد مدرس دوم کا نام خارج کیا گیا اور مدرسہ ہنوری تحصیل شاہ آباد سے حسن رضا خان کا مدرسہ ساگرپور مین تبادلہ کیا گیا اور مدرسہ ہنوری تحصیل شاہ آباد مین مبشر الاسلام چہارم پاس ساکن شاہ آباد کا امتحانا برائے چھ ماہ گیارہ روپیہ ماہوار پر تقرر کیا گیا سید عابد علی کو کسی دوسرے مدرسہ مین جگہ دیجائیگی بنابران

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تنزل

۳۱ر مارچ ۱۹۲۷ء

بوجہ خراب ہونے نتیجہ امتحان ٹیکارام مدرس چپرا تحصیل سوار کا دو روپیہ ماہوار تاحکم ثانی تنزل کیا گیا لہذا

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۳۱ر مارچ ۱۹۲۷ء

بوجہ بہت اچھا ہونے کام محمد بخش مدرس اول مدرسہ بھوٹ بقال کے الاؤنس مین تین روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا آئندہ نامبردہ کو گیارہ روپیہ ماہوار تنخواہ اور سات روپیہ ماہوار الاؤنس ملیگا لہذا

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۳۱ر مارچ ۱۹۲۷ء

بوجہ ہونے دیرینہ ملازم اور اچھی ہونے فراہمی طلبا حسب سفارش انسپکٹر صاحب مدارس فخر الدین خان مدرس گرا تحصیل شاہ آباد مڈل پاس مشاہرہ دار نو روپیہ آٹھ آنہ کی تنخواہ مین ایک روپیہ آٹھ آنہ ماہوار اضافہ کیا گیا لہذا

حکم ہوا کہ

ملخص حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۱ اپریل لغایت ۱۸ اپریل ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶/ر					۷/ر	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۸/ر					۷/ر	
نخود کشتہ آمیز	۹/ر					۱۰/۷ر	
کسیر	۱۰/۹ر					۹/ر	
ماش	۱۰/۵ر					۱۰/۵ر	
مونگ	۱۰/۴ر					۵/ر	
مکا	۱۰/۹ر					۹/ر	
چینی	۱۰/ر					۱۲/ر	
گوجی	۱۰/ر					۹/ر	
عدس	۸/ر					۷/ر	
ارہر	نرخ بازار					۶/ر	
برنج	۵/ر					۵/ر	
روغن زرد	۰/ر					۳/۱۱ر	
روغن سیاہ	۱/ر					۱/ر	
روغن کنجد	۱/ر					۱/ر	
نمک سانبھر	۱۲/ر					۱۳/ر	
نمک لاہوری	۶/ر					۱/	
قند سیاہ	۷/ر					۶/ر	
باجرہ	۷/ر					.	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور